غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کا ترجمان

# غزالی نیوز

GET
GHAZALI EDUCATION TRUST

## القرآن

’’تم میں کون ہے جو اللہ کو قرضِ حسنہ دے تاکہ اللہ اسے کئی گنا بڑھا چڑھا کر واپس کر دے؟ گھٹانا بھی اللہ کے اختیار میں ہے اور بڑھانا بھی‘ اور اسی کی طرف تمہیں لوٹ کر جانا ہے‘‘۔ (البقرہ ۲۴۵)


## الحدیث

’’......بلکہ مسکین وہ ہے کہ جو اتنا مال نہیں رکھتا کہ اپنی ضروریات پوری کرے اور اس کی غُربت کو لوگ سمجھ نہیں پاتے کہ اسے صدقہ دیں‘‘۔ (متفق علیہ)

## تعلیمِ مرشد

مُرشد کی یہ تعلیم تھی اے مسلم شوریدہ سر
لازم ہے رہرَو کے لیے دنیا میں سامانِ سفر
اِس دور میں تعلیم ہے امراضِ ملت کی دوا
ہے خونِ فاسد کے لیے تعلیم مثلِ نیشتر
اقبالؒ

مئی 2004 | شمارہ نمبر 12 | چیف ایڈیٹر: افتخار احمد شیخ | ایڈیٹر: اشتیاق احمد گھمن



## حاصل


غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ‘ پاکستان کے تعلیمی اُفق پر جگمگانے والے اداروں میں اب ایک نمایاں حیثیت کا حامل ہے۔ دیہی پاکستان میں کام کرنے والے اس فلاحی و غیر تجارتی ادارے نے پسماندہ اور غریب آبادیوں میں 260 بنیادی سکولز قائم کر کے ایسے مُحبِ وطن اور حسّاس لوگوں کو اپنی جانب متوجہ کر لیا ہے جو تعلیم کے ذریعے غریب و امیر‘ دیہاتی و شہری اور محروم و متموّل کی خلیج کو پاٹنا چاہتے ہیں۔ ان اداروں میں 19000 سے زائد بچے اور بچیاں پورے اطمینان سے اپنا تعلیمی سفر جاری رکھے ہوئے ہیں جنہیں 900 کے لگ بھگ اساتذہ‘ خدمتِ عوام کے جذبہ‘ تعمیرِ وطن کی اسپرٹ اور قومی فریضے کی بجا آوری کے تحت پڑھا رہے ہیں۔ غزالی ٹرسٹ کے سکولز کی سب سے اہم انفرادیت یہ ہے کہ یہ تمام کا تمام سیٹ اپ حکومتی اداروں اور ملکی و غیر ملکی فنڈ ریزنگ تنظیموں کی بجائے مخلص لوگوں، ہمدرد خاندانوں اور پُر عزم پاکستانیوں کے دم سے رواں دواں ہے۔

سال 2004 کے تعلیمی سال کا آغاز ہو چکا ہے۔ ہماری خواہش اور عزم ہے کہ گُمنام‘ دور دراز اور محروم بستیوں میں علم کا یہ اُجالا پوری آب و تاب سے پھیلتا رہے‘ سکول آباد رہیں‘ قلم میں روشنائی اور کتاب کی رہنمائی جاری رہے۔ کچے گھروندوں‘ دھواں اُگلتی چمنیوں اور لہلہاتی فصلوں کے درمیان ہمارے بچوں کو روشنی بھی ملے اور چھت بھی‘ پانی بھی میسر ہو اور چین بھی۔ یہ سب ممکن ہے مگر آپ کے تعاون کے ساتھ۔ اگر روشنی کے اس سفر میں ایک ایک فرد کسی ایک کام کی ذمہ داری اٹھا لے۔ کہیں ٹرسٹی (trustee) بن کر تو کہیں ایک سکول بنا یا اپنا کر‘ ایک طالب علم یا طالبہ کو تعلیمی سہارا دے کر تو کہیں اپنے رضا کارانہ‘ مخلصانہ جذبے اور صلاحیت کو عمل میں لا کر۔



سید وقاص انجم جعفری
سیکرٹری جنرل

آیئے خود آگے بڑھیں اور دوستوں کو بھی آمادہ کریں تاکہ امید کا سفر‘ علم کی روشنی اور تعاون کا یہ سلسلہ دراز سے دراز تر ہوتا چلا جائے۔ (انشاءاللہ)



## عطیات

اللہ تعالیٰ نے انسان کو دردِ دل اور خیر خواہی کے جذبات بخشے ہیں اور اس کے بندے خلقِ خدا کی خدمت کے لیے دستِ تعاون بڑھاتے ہیں تو کچھ سہارا ملتا ہے۔ ذیل میں ہم ان مخیّر حضرات کا ذکر کرتے ہیں کہ جنہوں نے غزالی کے مختلف سکولز میں تعاون پر آمادگی ظاہر کی ہے۔

معروف سماجی و کاروباری شخصیت رضی الدین شیخ ضلع لاہور میں قصبہ ہیئر سکول کو ایڈاپٹ کیا ہے۔ جبکہ سفائر بینکویٹ ہال کے مالک ندیم احمد شیخ نے ایک سکول کے لیے عطیہ دینے کا اعلان کیا ہے۔ صفدر آباد سے محمد سلیم صاحب نے -/1000 روپے جبکہ محمد یونس صاحب نے -/3000 روپے کا عطیہ دیا۔ ناظم یونین کونسل عبداللہ پور، چوہدری جاوید اصغر ورک نے -/5000 اور کرباٹھ سے ملک عاصم صاحب نے بھی -/5000 روپے عطیہ دینے کا اعلان کیا۔ اللہ تعالیٰ ان سب کو اجرِ عظیم سے نوازے۔

’’جستجو جو کرے وہ چھُوئے آسماں‘‘

## غزالی سکول سسٹم کے طلبہ و طالبات کی پرائمری بورڈ کے امتحانات میں شاندار کامیابی

ضلع جھنگ کے 51 طلبہ و طالبات میں سے دو طالب علموں نے تحصیل میں دوسری، ایک نے تیسری جبکہ 15 طلبہ نے وظیفہ حاصل کیا۔

ضلع سرگودھا کے 133 طلبہ و طالبات میں سے کوئی طالب علم فیل نہ ہوا جبکہ ایک نے سینٹر میں پہلی، دو نے دوسری اور تین نے تیسری پوزیشنیں حاصل کیں۔

ضلع لاہور سے 45 طلبہ و طالبات امتحان میں شریک ہوئے جنھوں نے زیادہ سے زیادہ 237 نمبر اور کم سے کم 140 نمبر حاصل کیے۔

سالانہ امتحانات برائے سال 2004ء میں پرائمری بورڈ کے امتحان میں غزالی سکول سسٹم کے طلبہ و طالبات نے پنجاب بھر میں حصہ لیا۔ حسبِ روایت ان کے نتائج شاندار رہے۔ ضلع گجرات کے ملکیانہ، نندووال، گنجہ اور شاہ سرمست میں شعیب احمد نے 271 نمبر لے کر پہلی اور عرباض احمد نے 243 نمبر حاصل کر کے دوسری پوزیشن حاصل کی اس کے علاوہ ضلع بھر کا نتیجہ 100% رہا اور طلبہ کی اکثریت نے A+ گریڈ حاصل کیا۔ موصولہ نتائج کے حوالے سے تمام سکولوں کے طلبہ و طالبات نے 60% سے زائد نمبر حاصل کیے۔ ضلع جھنگ، سرگودھا، لاہور اور گجرات سے ملنے والے نتائج کی روشنی میں یہ بات کہی جا سکتی ہے کہ غزالی سکول کسی بھی تعلیمی ادارے سے پیچھے نہیں ہیں۔ وسائل کی کمی کے باوجود اساتذہ جس محنت، لگن، خلوص اور جذبے سے تدریس و تربیت کا فریضہ سرانجام دے رہے ہیں اس نے طلبہ کی کارکردگی کو مزید بہتر اور صلاحیتوں کو جلا بخشی ہے۔

## ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن کا دورۂ نارووال و جھنگ

ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن افتخار احمد شیخ نے ضلع نارووال میں واقع غزالی سکولز اخلاص پور' کروال' بھیڑی خورد' دھر کالیاں اور جبال کا دورہ کیا اور تقاریب برائے تقسیم ہائے انعامات میں شرکت کی۔ بچوں نے مختلف تقاریب میں خاکے' نظمیں اور ٹیبلو پیش کیے۔ شیخ صاحب نے محنت' لگن اور جذبہ سے کام کرنے پر اساتذہ اور انتظامیہ کی حوصلہ افزائی کی  اسکے علاوہ آپ نے ضلع جھنگ میں واقع غزالی سکول بھروانہ، رجانہ اور چیلہ کا تین روزہ دورہ بھی کیا۔ دونوں جگہوں کی مقامی آبادی سے خطاب کے دوران انہوں نے ٹرسٹ کا تعارف' مقاصد اور پیغام پہنچایا۔ لوگوں نے اس عظیم کام کو بہت خوش آئند قرار دیا۔ اس دورے میں ڈپٹی ڈائریکٹر ضیاء اللہ شاہین بھی ان کے ہمراہ تھے۔

## نصابی کتب کی اشاعت

نصاب سازی کسی بھی قوم کی تاریخ اور مقاصد کو مدِ نظر رکھ کر کی جاتی ہے اور اس کی ترجیحات کا تعیّن کرتی ہے۔ گو کہ پاکستان میں اس حوالے سے کبھی بھی مسلسل اور مستقل کام نہیں ہوا ہے لیکن ٹرسٹ کے بنیادی مقاصد میں ایسے نصاب کی تیاری شامل ہے کہ جو اسلامی روایات کا امین ہونے کے علاوہ جدید تقاضوں سے بھی ہم آہنگ ہو۔

دینی و دنیاوی علوم کے امتزاج کو مزید حسین بناتے ہوئے شعبہ انسانی وسائل نے کے۔ سی کلاس کے لیے انگریزی قاعدہ تیار کیا۔ مزید برآں اردو اور ریاضی کا مشترکہ قاعدہ 2 in 1 بھی مختلف ماہرینِ تعلیم کی مشاورت سے تیار ہو گیا ہے۔ اس تعلیمی سیشن کے آغاز پر یہی قاعدے غزالی سکولز میں پڑھائے جائیں گے۔

لبّیک اللّٰھُمَّ لبّیک

## ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن کی فریضہ حج کی ادائیگی

ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن شیخ افتخار احمد نے اس سال فریضہِ حج ادا کیا اور مقاماتِ مقدسہ کی زیارت کی۔ آپ کے ہمراہ آپ کے والدین بھی تھے۔ ادارہ ان کو اس سفرِ شوق پر مبارکباد پیش کرتا ہے۔

غزالی سکول سسٹم ہردیو، شیخوپورہ کی سالانہ تقریب میں

## چیئرمین ٹرسٹ کی آمد

غزالی سکول ہردیو کی سالانہ تقریب سکول کے وسیع سبزہ زار میں منعقد ہوئی اس تقریب کے مہمان خصوصی چیئرمین غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ جناب لیاقت بلوچ (ممبر قومی اسمبلی) تھے۔ ان کے علاوہ ضلع شیخوپورہ کی ایک معروف سماجی و سیاسی شخصیت شیخ جمیل احمد' ڈائریکٹر پریپ اور ضلعی مینجر لاہور بھی موجود تھے۔ اس پروگرام میں والدین کی بھرپور تعداد شریک تھی۔ بچوں نے تلاوت' نعت' نظمیں' ترانے اور مزاحیہ خاکے پیش کیے۔ مہمانِ خصوصی اور والدین نے بچوں کی کارکردگی کو سراہا۔ مہمانوں نے بچوں میں انعامات بھی تقسیم کیے اور آخر میں موجودہ ملکی   وسیاسی صورتحال اور والدین کی ذمہ داریوں پر روشنی ڈالی۔

## سہ روزہ پری پوسٹنگ ورکشاپ

نومنتخب معلمین کی تربیت کے لیے شعبہ انسانی وسائل نے گزشتہ دنوں لاہور میں تین روزہ پری پوسٹنگ ورکشاپ کا انعقاد کیا۔ اس کی تفصیل حسبِ ذیل ہے:

## غزالی سکول کالر کی بلڈنگ کی تکمیل

ضلع شیخوپورہ میں واقع غزالی سکول کالر کی عمارت جو کہ گذشتہ ایک عرصہ سے زیرِ تعمیر تھی وہ حال ہی میں مکمل ہوئی ہے اس عمارت کی تعمیر میں امجد حسین لنگاہ اور وقار احمد شیخ نے دل کھول کر مدد کی اور فروغِ تعلیم کے حوالے سے اپنا حصہ ادا کیا۔ یہ پہلا موقع ہے کہ اس عمارت کے ساتھ مسجد کی تعمیر بھی ہوئی جہاں نہ صرف طلبہ بلکہ مقامی آبادی بھی استفادہ کر سکے گی۔

## غزالی سکول غنی پارک ضلع سرگودھا کا افتتاح

ضلع سرگودھا میں صدر غزالی ٹرسٹ، ڈاکٹر اشتیاق احمد گوندل نے غزالی سکول غنی پارک کا افتتاح کیا۔ یہاں نئے سکول کی کمی کا ایک عرصہ سے احساس کیا جا رہا تھا۔ لیکن وسائل کی کمیابی اور مسائل کی فراوانی کی وجہ سے اس کا آغاز نہ ہو سکا۔ اس سکول کے قیام کے حوالے سے مقامی ناظم یونین کونسل نے خصوصی تعاون کیا اور اپنا مکان اس نیک کام اور ابلاغِ تعلیم کی خاطر خالی کر کے دیا۔ اللہ ان کو اجر عطا فرمائے۔




سہ روزہ پری پوسٹنگ ورکشاپ کے شرکاء، منصورہ آڈیٹوریم میں

| موضوع | انسٹرکٹر |
|---|---|
| تعلیم کا مفہوم | شاہد وارثی |
| مؤثر تدریس | پروفیسر مشتاق الرحمٰن صدیقی |
| سکول میں کردار سازی | پروفیسر راؤ جلیل احمد |
| طالبعلم کے بنیادی حقوق | پروفیسر طارق چوہدری |
| استاد کی شخصیت | ڈاکٹر اشتیاق احمد گوندل |
| معاشرے کی شمولیت | پروفیسر مشتاق مانگٹ |
| حضورؐ کا طریقہِ تدریس | ڈاکٹر اسلم صدیقی |
| ٹائم مینجمنٹ | افتخار احمد شیخ |

اختتامی خطاب چیئرمین ٹرسٹ محترم جناب لیاقت بلوچ نے کیا۔ اس ورکشاپ میں 250 معلّمین نے شرکت کی۔ پروگرام کے آخر میں چیئرمین ٹرسٹ نے شرکاء میں انعامات تقسیم کیے اور سوالات کے جوابات بھی دیئے۔

# ڈائریکٹر پریپ کے دورہ جات

ڈائریکٹر پریپ شہید الحق ظفر نے حال ہی میں نئی ذمہ داری سنبھالی ہے انہوں نے کام کے جائزے اور باہمی تعاون کے حوالے سے تمام سکولز کے دورہ جات کی ایک مہم کا آغاز کیا ہے۔ اب تک ہونے والے دورہ جات کی تفصیل ذیل میں درج ہے۔

| تاریخ | نوعیت | مقام |
|---|---|---|
| 22مارچ | شرکت پرنسپلز میٹنگ | منڈی بہاؤالدین |
| 28مارچ | تقریب تقسیم انعامات | گوجرانوالہ |
| 29مارچ | سکول کا افتتاح | رتہ گورایہ' گوجرانوالہ |
| 03اپریل | شرکت پرنسپلز میٹنگ | لاہور' شیخوپورہ |
| 04اپریل | شرکت پرنسپلز میٹنگ | خوشاب |
| 07اپریل | شرکت پرنسپلز میٹنگ | ملتان' مظفرگڑھ |
| 08اپریل | شرکت پرنسپلز میٹنگ | بہاولپور |

"کُلُکُم راعٍ و کُلُکُم مَسؤل عَن رَعیّتہٖ"

# تقرریاں وذمہ داریاں

سیکرٹری جنرل سید وقاص انجم جعفری کی بھرپور مصروفیات کی وجہ سے دفتر کی کارکردگی کو مزید بہتر اور کام کو فعّال بنانے کے لیے ایگزیکٹو کونسل نے مندرجہ ذیل تبدیلیاں کی ہیں:

| | |
|---|---|
| شیخ افتخار احمد | ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن |
| شہید الحق ظفر | ڈائریکٹر پریپ |
| عمیر حسن | ڈائریکٹر آئی اینڈ پی |

علاوہ ازیں کونسل نے اشتیاق احمد گھمن کی بطورِ ایڈیٹر "غزالی نیوز" ذمہ داری لگائی۔ ان کے علاوہ اکاؤنٹس آفیسر محمد رمضان اور اکاؤنٹینٹ آفتاب احمد کی تعیناتی بھی گذشتہ دنوں عمل میں لائی گئی۔

تیرا پڑوسی غریب ہے، تیرے متعلقین حاجت مند ہیں، تیرے پاس ضرورت سے زیادہ مال ہے اور تجھ پر زکوٰۃ واجب ہے، اس پر بھی اُن کو کچھ نہ دینا درحقیقت یہی معنی رکھتا ہے کہ تو اُن کے افلاس پر خوش ہے۔

امام غزالیؒ

وَسِیرُوافِی الاَرض

## ہیڈ آفس کے سٹاف ممبران کا ایک روزہ تفریحی دورہ

کہتے ہیں انسان کی فطرت یہ ہے کہ وہ یکسانیت سے اُکتا جاتا ہے اور پھر تنوّع پسند ہو جاتا ہے۔ یہی بات ٹرسٹ کے اربابِ حل وعُقد کو' گو ذرا دیر سے سہی مگر سمجھ میں آئی تو انہوں نے ایک روزہ تفریحی ٹور لے جانے کی "بشارت" سنادی تو اُن پر بڑا رحم آیا۔ دو مہینے کی "مختصر" سی مشاورت کے بعد یہ طے پایا کہ ٹور 13



مارچ صبح 6 بجے روانہ ہوگا۔ شوق کی قیمت اُسی کو معلوم کہ جو چار بجے صبح، بستر کو "داغِ مفارقت" دے اور خراماں خراماں ہیڈ آفس چل نکلے۔ یہاں پہنچنے پر معلوم ہوا کہ ہم اکیلے ہی نہیں اور بھی "کونپلوں" نے سر نکالا ہوا ہے۔ دوستوں کے چہروں پر پژمردگی، تھکاوٹ اور حتیٰ کہ اُکتاہٹ کے آثار دوربین سے بھی نظر نہیں آتے تھے۔ روایتی سُستی کو چھوڑ کر سبھی بروقت، صرف پہنچے ہی نہ تھے بلکہ پوری طرح "مسلح" بھی تھے۔ آخر کار نقارہِ کوچ بجا، تو ہیڈ آفس سے گرنے والے شیخ افتخار صاحب کے گھر آ کر ایسے اَٹکے کہ عامر محمود چیمہ صاحب کو بھی پالیا۔ محفل کو چاند تو ایک ہی لگا لیکن چاروں پہ بھاری۔ چیمہ صاحب ایک "انجمن" کا نام ہیں۔ اُن کی معیّت میں گزرنے والی ہر ساعت یادگار بن جاتی ہے۔ موٹروے پر چڑھے تو پہیلیوں' لطائف' ناقابلِ فراموش واقعات اور آپ بیتیوں کا سلسلہ اک ایسے سیلاب کی صورت اختیار کر گیا کہ ہر کوئی اس میں بہتا چلا گیا اور سفر ختم ہونے کی خبر ہی نہ ہوئی۔ ڈی۔ ایم۔ ایس منڈی بہاؤالدین، عبدالقدوس قریشی نے ریجنل ڈائریکٹر، محمد عارف کے ساتھ پنڈ دادنخان میں اس قافلے کا استقبال کیا۔ قریشی صاحب کے ہاں ناشتے اور لنچ کا اکٹھا دور چلا۔ پُرتکلّف کھانا کھا کر ساتھی چلنے کے قابل تو رہے لیکن ذرا سُست ضرور ہو گئے۔ کھیوڑہ پہنچے۔ نمک کی دنیا عجب نظارہ پیش کرتی ہے۔ اُس کی دعوتِ دیدار تھی کہ ہم بھی دوڑے چلے گئے۔ ٹی۔ بی ہسپتال' بانو بازار' شاہی مسجد' موٹروے' وصالِ نمک' فراقِ نمک اور کوہِ نمک جیسے "کوہِ استقامت" دیکھے۔ جب گائیڈ نے سر چڑھ کر بولتا، چھت پر کُندہ اسمِ محمد ﷺ اور ساتھ ہی تصویرِ اقبالؒ دکھائی تو اقبالؒ کی اپنے آقا حضور ﷺ سے محبت دیکھ کر اللہ کی یاد تازہ ہو گئی۔ یہ کارواں پھر کٹاس پہنچا۔ یہ ہندوؤں کا دوسرا متبرک ترین مقام ہے۔ یہاں کے کھنڈرات دیکھ کر آثارِ قدیمہ کی مستقل مزاجی کو داد دینے کو دل چاہا۔ وقت کم تھا لیکن ساتھی ہلنے کو تیار نہ تھے۔ بعد میں پتہ چلا کہ وہاں کچھ گورے جلوہ افروز ہیں اس لیے ساتھی ہل تو رہے ہیں لیکن ٹل نہیں رہے۔ اگلی منزل کلر کہار تھی۔ پاکستان و بھارت کا پہلا ون ڈے کرکٹ میچ آخری مراحل میں تھا سبھی کارکنان ایک مقامی ہوٹل میں جبکہ مقامی افراد یہی میچ ہماری گاڑی میں لگے ٹی وی پر دیکھ رہے تھے۔ ہم سب میچ دیکھتے رہے حتیٰ کہ مسٹر واجپائی نے اجازت نہ دی اور پاکستان میچ ہار گیا۔

واپسی کا سفر شروع ہوا تو بیت بازی کا مقابلہ بھی

شروع ہوگیا۔ دو دھڑے بن گئے۔ اشعار کی اک بوچھاڑ تھی کہ جو تھمنے کا نام نہ لے رہی تھی۔ اس مقابلے نے نہ جانے کس کس شاعر کی روح کو تڑپایا اور اسے چین نہ پانے دیا۔ اسی گرما گرمی میں لاہور آ گیا اور رات 10 بجے سبھی گھروں کو پہنچے۔

## ڈاکٹر اشتیاق احمد گوندل کا دورۂ کویت

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے صدر پروفیسر ڈاکٹر اشتیاق احمد گوندل نے اپنے دو ہفتہ کے دورانیہ پر محیط دورہ کویت کے دوران کویت میں مقیم پاکستانیوں کے علاوہ کویتی معاشرہ کی فلاحی تنظیموں کے عہدے داران سے بھی ملاقاتیں کیں۔

یہ خوش آئند امر ہے کہ اہلِ کویت نے پاکستان میں غزالی ٹرسٹ کے شاندار تعلیمی کام کو بہت سراہا اور اس سلسلے میں تعاون کی خوبصورت مثالیں قائم کیں۔ کویت میں اسلامک ایجوکیشن کمیٹی کے تحت سات روزہ فہمِ قرآن کلاس منعقد کی گئی جس میں ڈاکٹر صاحب نے مسلسل سات روز تک قرآنِ پاک کے منتخب حصوں پر درس دیئے۔ اردو سمجھنے اور بولنے والے پاکستان، انڈیا اور بنگلہ دیش کے مسلمانوں کی بڑی تعداد نے اس میں شرکت کی۔ آخری پروگرام میں کم و بیش 750 مرد و خواتین شریک ہوئے۔ یہ امر قابلِ ذکر ہے کہ اس کلاس میں غیر مسلم، خاص طور پر ہندو بھی شریک ہوتے رہے۔

”ثبات ایک تغیر کو ہے زمانے میں“

## ہیڈ آفس کی ترتیبِ نو

غزالی ٹرسٹ کے مرکزی دفتر میں ذمہ داریوں کی نوعیت میں تبدیلی اور نئے افراد کی تقرری کی وجہ سے دفتر کو از سرِ نو ترتیب دیا گیا ہے۔ جس کے تحت شعبہ اطلاعات و ترقی، کمپیوٹر سیکشن میں، اکاؤنٹس برانچ، آئی اینڈ پی کے کمرہ میں اور ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن، اکاؤنٹس برانچ کے کمرہ میں شفٹ ہوئے ہیں۔ اسی طرح HRD اور لاہور ضلع کو ریپ آفس میں بھیجا گیا ہے۔

## بریفنگ سیشن
## بنگلہ دیش رورل ایڈوانسمنٹ کمیٹی (BRAC)

ٹرسٹ کے مرکزی دفتر میں آفاق کے ڈائریکٹر ٹریننگ، شاہد وارثی نے سلائیڈ، ہینڈ آؤٹ اور سوال و جواب کے ذریعے BRAC کی بنگلہ دیش کے دیہی علاقے میں تعلیمی، سماجی اور معاشی پیش رفت، اثرات اور کامیابیوں کا خاکہ پیش کیا۔ انہوں نے بتایا کہ غیر منافع بخش اداروں میں BRAC کو دنیا بھر میں NGO's کے لئے رول ماڈل کے طور پر پیش کیا جاتا ہے۔ اس تنظیم کے تحت اب تک بنگلہ دیش کے طول و عرض میں 33665 اساتذہ 1600000 کو زیورِ تعلیم سے آراستہ کر رہے ہیں۔ اس کے علاوہ اس تنظیم نے سبزیوں کی درآمد، ڈیری فارمنگ اور دیگر شعبوں میں نفع آور کاموں کا آغاز کیا ہوا ہے۔ اس بریفنگ میں ٹرسٹ کے ذمہ داران اور شعبہ جات کے انچارج کے علاوہ معروف عالمِ دین اور مقرر پروفیسر عرفان احمد چوہدری اور ان کے معاون ڈاکٹر محمد فاروق نے خصوصی طور پر شرکت کی۔

## شعبہ انسانی وسائل نے نصابی خاکہ اور تدریسی نظام الاوقات جاری کر دیا


تمام غزالی سکولز ایک نصاب، ایک زبان اور ایک نظام کے تحت کام کرتے ہیں اس سال بھی حسب روایت شعبہ انسانی وسائل نے مجوزہ نصاب، سالانہ نصابی خاکہ (کے۔جی تا آٹھویں) اور تدریسی نظام الاوقات تمام سکول پرنسپلوں کو بھیجے ہیں، جن کے مطابق تمام سکول کام کریں گے۔

## ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن کا ادارہ بازگشت کے سیمینار میں خطاب

ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن افتخار احمد شیخ نے ادارہِ بازگشت، لاہور کے تحت منعقدہ سیمینار بعنوان ”نصاب کی تبدیلی کے محرکات اور نتائج“ پر تفصیل سے روشنی ڈالی اور نصاب کی اہمیت اور اس کے قوموں کی زندگی پر اثرات اور نسلِ نو کی کردار سازی کے حوالے سے سامعین کو ایسے اداروں پر کڑی نظر رکھنے کی ضرورت پر زور دیا کہ جو غیر ملکی نصاب پڑھاتے اور اُن کی زبان بولتے ہیں۔ علاوہ ازیں آپ نے تعلیمی بورڈز کی آغا خان فاؤنڈیشن کو حوالگی کے مضر اور منفی اثرات کا بھی تجزیہ پیش کیا۔ اس پروگرام میں آپ کے ساتھ ڈپٹی ڈائریکٹر ٹریننگ ضیاء اللہ شاہین اور ریجنل ڈائریکٹر اسلام آباد، محمد عارف بھی تھے۔

## غزالی کالج اسلام آباد میں ایم۔اے کی کلاسز کا اجراء

غزالی کالج برائے خواتین، اسلام آباد اس سال سے ایم۔اے کی کلاسز کا آغاز کر رہا ہے۔ اس سے پہلے کالج میں نہم سے لے کر بی۔اے تک کی کلاسز جاری ہیں۔ کالج کے ایگزیکٹو بورڈ کے فیصلے کے مطابق اس سال انگلش، اردو اور اسلامیات کے مضامین میں ایم۔اے کی کلاسز کا آغاز کیا جا رہا ہے۔ ڈائریکٹر غزالی کالج نے اس اقدام کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے اسے ایک بڑی کامیابی بھی قرار دیا۔





## جوائنٹ سیکریٹری جنرل کا دورہ سعودی عرب

غزالی ٹرسٹ کے جوائنٹ سیکریٹری جنرل حافظ تنویر احمد گذشتہ مہینے سعودی عرب کے دورے پر گئے جہاں انہوں نے پاکستانی کمیونٹی کو بالخصوص جبکہ تمام لوگوں کو بالعموم غزالی ٹرسٹ کے پروگرام‘ ایجنڈے اور مقصد کے متعلق بتایا۔ آپ نے اپنے قیام کے دوران مختلف وفود سے ملاقاتیں کیں اور متعدد اجتماعات میں پاکستانی کمیونٹی سے خطاب بھی کیے۔ لوگوں نے غزالی جیسے اداروں کو ایک نعمت قرار دیا اور اس کے استحکام اور دوام کے لیے اپنا اپنا تعاوُن پیش کیا۔ حافظ تنویر احمد سعودیہ کے علاوہ بحرین بھی گئے جہاں انھوں نے جمیعت الاصلاح اور دیگر فلاحی اداروں کے دفاتر کا دورہ کیا اور اُن کے ذمہ داران سے ملاقاتیں بھی کیں۔

حافظ صاحب نے اس دورے کے دوران فریضہ ِحج ادا کیا اس طرح آپ کا یہ سفر‘ سفرِ مبارک بھی بن گیا کہ جہاں لوگوں سے غزالی کے حوالے سے روابط رہے وہاں حج کی برکات اور ثواب سمیٹنے کا بھی موقع ملا۔

## غزالی فورم سے مختلف دانشور حضرات اور اہلِ علم کا خطاب

☆ ممتاز صحافی و ناول نگار طارق اسماعیل ساگر نے ہیڈ آفس میں منعقدہ ایک غزالی فورم میں ’’پاکستان کی کشمیر پالیسی اور ایٹمی پروگرام کا حال اور مستقبل‘‘ کے موضوع پر اظہارِ خیال کیا۔ سامعین میں جامعہ پنجاب کے اساتذہ کی ایک معقول تعداد بھی خصوصی دعوت پر شریک تھی۔ مقرر نے ڈاکٹر عبدالقدیر اور کشمیر کے حوالے سے نئی پالیسی اور دہشت گردی کے خلاف جنگ کے پسِ پردہ حقائق کھول کر بیان کیے اور قوم کی مجموعی بے حسی اور مجرمانہ خاموشی پر تشویش کا اظہار کیا۔

☆ ایس ایس پی موٹر وے میاں محمد آصف‘ پولیس آفیسر ہونے کے باوجود ایک نیک‘



ایس ایس پی موٹروے پولیس میاں محمد آصف اور طارق اسماعیل ساگر غزالی فورم میں خیالات کا اظہار کرتے ہوئے۔

شفیق اور رحمدل انسان ہیں۔ انہیں ہیڈ آفس میں غزالی فورم سے ’’پاکستانی معاشرے میں پولیس کا کردار‘‘ کے موضوع پر گفتگو کی دعوت دی گئی۔ میاں صاحب نے پوری تفصیل اور اعداد و شمار کے ساتھ پولیس کی مجبوریاں گنوائیں۔ ان کی محکمانہ مجبوریاں سن کر پولیس والے کا کردار ایک بے بس اور لاچار فرد کے طور پر اُبھرا اور افسوس کے ساتھ ساتھ ان لوگوں پر ترس بھی آیا۔ لیکچر کے بعد سوالات کا سلسلہ شروع ہوا تو مہمان نے تمام سوالات صبر وتحمل کے ساتھ نہ صرف سنے بلکہ ان کے جوابات بھی دیئے۔

☆ امریکہ (نیویارک) میں مقیم مشہور پاکستانی صحافی و نوجوان قلمکار اسرار کسانہ پچھلے دنوں ہیڈ آفس تشریف لائے۔ مرکزی دفتر کے خوبصورت سبزہ زار پر اُن کا استقبال ایک پُروقار تقریب کی صورت میں کیا گیا۔ انہوں نے اپنے خطاب میں 11 ستمبر کے حالات کے بعد پیدا ہونے والی صورتحال، امریکہ کی حکمتِ عملی اور امتِ مسلمہ کے اضطراب پر تفصیل سے روشنی ڈالی۔ انہوں نے مسلمان امت کی پسماندگی کی ایک بڑی وجہ جہالت قرار دی اور اسی تناظر میں انہوں نے غزالی ٹرسٹ اور اس کے ذمہ داران کو حوصلہ بھی دیا کہ وہ ایک ایسا انتہائی اہم فریضہ سرانجام دے رہے ہیں کہ جو درحقیقت حکومتوں کے کرنے کا کام تھا۔ انہوں نے اپنے تعاوُن کا بھی یقین دلایا۔

## روٹری کلب مزنگ‘ لاہور کے تحت منعقدہ Walk for Litracy میں ٹرسٹ کی نمائندگی

روٹری کلب مزنگ‘ لاہور کے تحت Walk for Litracy کے عنوان سے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے سکول کرباٹھ‘ لاہور کی معاونت کے لیے ایک واک کا انتظام کیا گیا۔ ہیڈ آفس سے شرکاء‘ مشتاق احمد مانگٹ کی سربراہی میں روانہ ہوئے۔ یہ تعلیمی واک عصر کے بعد باغِ جناح میں سپیکر پنجاب اسمبلی جناب محمد افضل ساہی کی قیادت میں شروع ہوئی۔ اس نیک کام کے لیے بہت مخیّر حضرات نے دل کھول کر مالی تعاوُن کیا۔

## پرائمری سیکشن کے لیے ’’تعمیرِ سیرت‘‘ کے سیٹ کی اشاعت

غزالی سکول سسٹم میں زیرِ تعلیم طلباء و طالبات کی دینی و اخلاقی تربیت کا پورا پورا اہتمام کیا جاتا ہے اور ان کی کردار سازی کے لیے ہر کلاس کے لیے ’’تعمیرِ سیرت‘‘ کے نام سے ایک کتاب شاملِ نصاب ہے۔ جس میں بڑے سادہ اور خوبصورت پیرائے میں طلبہ و طالبات کو دینی معلومات اور اسلامی آدابِ زندگی اور روز مرہ کی دعائیں پڑھائی اور سکھائی جاتی ہیں۔ حال ہی میں شعبۂ نصاب نے پانچویں کلاس کے لیے ’’تعمیرِ سیرت‘‘ کی کتاب ریلیز کی ہے جس کے ساتھ ہی کے۔ سی تا پنجم تک ’’تعمیرِ سیرت‘‘ سیریز مکمل ہوگئی ہے آئندہ ششم تا ہشتم تک کی سیریز کی اشاعت کے لیے تیاریاں جاری ہیں۔

**اَلنِّکاحُ مِن سُنَّتی**

## حافظ محمد عثمان رشتۂ ازدواج میں منسلک ہوگئے

ٹرسٹ کے شعبہ نصاب و تربیتِ اساتذہ سے منسلک ریسرچ سکالر حافظ محمد عثمان 13 اپریل کو رشتہ ازدواج میں منسلک ہوگئے ہیں۔ ان کی شادی جھنگ شہر میں انجام پائی۔ اس پُرمسرت تقریب میں ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن افتخار احمد شیخ نے شرکت کی اور مرکزی دفتر کے کارکنان کا تہنیتی پیغام ان تک پہنچایا۔

# غزالی کالج برائے خواتین، اسلام آباد میں تقریبِ ختمِ قرآنِ پاک

غزالی کالج برائے خواتین، اسلام آباد کی سالِ دوم اور سالِ چہارم کی طالبات نے پورا قرآنِ پاک با ترجمہ وتفسیر مکمل کیا۔اس سلسلے میں کالج میں ایک تقریب منعقد ہوئی ۔ تقریب میں تمام اساتذہ و طالبات کے علاوہ اُن کے والدین اور اہلِ علاقہ نے بھی شرکت کی۔ مہمانِ خصوصی، ڈائریکٹر ویمن سیکشن انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی، اسلام آباد میڈم زبیدہ خاتون تھیں۔ پروگرام میں طالبات نے اپنے تاثرات بیان کرتے ہوئے کہا کہ خواتین کی تربیت کے لیے ایسے اداروں کے قیام کی اشد ضرورت ہے اور غزالی کالج اس سلسلے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔تقریب سے کالج کے ڈائریکٹر حافظ تنویر احمد اور پرنسپل نے بھی خطاب کیا۔


# غزالی ڈگری کالج برائے خواتین کا لاہور بورڈ اور پنجاب یونیورسٹی سے الحاق

غزالی ڈگری کالج برائے خواتین'لاہور طالبات کے اداروں میں ایک نمایاں مقام حاصل کر چکا ہے۔عمومی نصابی اور ہم نصابی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ غزالی کالج لاہور کا بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن' لاہور اور پنجاب یونیورسٹی سے الحاق تازہ ترین پیش رفت ہے۔۔ آئندہ اس ادارے کی طالبات پوری یکسوئی اور اطمینان سے حصولِ تعلیم میں مصروف رہیں گی۔

# غزالی کالج لاہور کی سالانہ تقریبِ تقسیمِ انعامات

غزالی ڈگری کالج برائے خواتین ' لاہور کی سالانہ تقریبِ تقسیمِ انعامات قصرِ جمال ہال میں منعقد ہوئی۔ جناب سمیعہ راحیل قاضی، ممبر قومی اسمبلی نے بطورِ مہمانِ خصوصی شرکت کی۔ پرنسپل، کالج ہذا مسز میمونہ احمد نے غزالی کالج کا تعارف کراتے ہوئے مہمانوں کا شکریہ ادا کیا اور بہترین نتائج کے حوالے سے اساتذہ کے جذبے کی قدر کی۔

مہمانِ خصوصی نے اپنے خطاب میں معاشرے میں خواتین کے کردار' اُن کی اہمیت اور غیر معمولی صلاحیتوں کو مثبت طریقے سے بروئے کار لانے کی ضرورت پر زور دیا اور طالبات کی حوصلہ افزائی کی۔



میں طاہر محمود ہوں اور میرے ابو فوت ہو گئے ہیں
میں چک 81 جنوبی میں رہتا ہوں
میں غزالی سکول سسٹم میں پڑھتا ہوں
وہ مجھے کاپیاں، کتابیں اور پنسلیں اور وردی بھی دیتے ہیں
اور وہ میری فیس بھی دیتے ہیں وہ مجھے بہت شوق سے پڑھاتے ہیں
میرے اُستاد بہت اچھے اور محنتی ہیں۔
اور میں بھی سکول میں خوش ہوں
اللہ تعالیٰ میرے سکول کو ترقی کرنے کی توفیق فرمائے
آمین
طاہر محمود کلاس سوئم غزالی سکول سسٹم
چک نمبر 81 جنوبی ضلع سرگودھا


غزالی سکول چک 81 جنوبی ضلع سرگودھا کے ایک یتیم بچے کا خط

# سالانہ امتحانات برائے 2004 کا انعقاد

تمام غزالی سکولز میں امتحانات کا ایک مرکزی نظام وضع ہے۔غزالی کا شعبہ، نصاب وتربیت اساتذہ، ماڈل پیپرز' سالانہ پیپرز اور ڈیٹ شیٹ تیار کر کے صوبہ بھر میں بھجواتا ہے۔ اس سال بھی حسبِ سابق تمام سکولز میں ایک ہی وقت امتحانات منعقد ہوئے۔مزید برآں دورانِ امتحانات پروفیسر ڈاکٹر اشتیاق احمد گوندل نے ضلع سرگودھا' ڈائریکٹر پریپ شہید الحق ظفر نے ضلع شیخوپورہ اور ڈپٹی ڈائریکٹر شعبہ نصاب وتربیت اساتذہ ضیاء اللہ شاہین نے ضلع منڈی بہاؤالدین و گجرات کا دورہ کیا۔

# Training Wise انگلینڈ کی چیئر پرسن میڈم روبینہ احمد کا دورہ ہیڈ آفس

پچھلے دنوں Training Wise انگلینڈ کی چیئر پرسن میڈم روبینہ احمد نے ہیڈ آفس کا دورہ کیا۔انہوں نے اس نیکی کے کام اور جذبے کو قدر کی نگاہ سے دیکھا اور انگلستان میں مقیم پاکستانیوں کی طرف سے بھیجی جانے والی امداد کو ذمہ داران تک پہنچایا۔انہوں نے مستقبل میں اپنے تمام تر تعاون کی یقین دہانی بھی کروائی۔ روبینہ احمد نے اپنے پاکستان کے دورہ کے دوران مرکزی دفتر کے ساتھ ساتھ غزالی کالج لاہور و اسلام آباد، آفاق ہیڈ آفس اور پشاور و کراچی کے مختلف رفاہی و فلاحی اداروں کا بھی دورہ کیا۔




Almost every 2nd student in Ghazali Schools is being supported by SAP

## لوحِ ایّام

''ہماری پسماندگی میں سب سے بڑا حصہ اس خوف اور ماحول کا ہے جس کی وجہ سے ہم حکمرانوں سے حکمرانی کے دوران کوئی سوال نہیں پوچھتے۔ جہاں یہ سوال پوچھنے کی روایت ترک کر دی جائے کہ سربراہِ ریاست کے پاس دوسری چادر کہاں سے آئی ہے تو پھر حکمرانوں کے حوصلے بڑھ جاتے ہیں۔ (مختار مسعود)

## غزالی سکول سسٹم چک 460، جھنگ کے تحت فری آئی کیمپ

غزالی سکول سسٹم چک 460 کشمیر کالونی ضلع جھنگ میں ضلعی مشاورتی کمیٹی کے ممبر ڈاکٹر محمد ظفر دولتانہ آئی سپشلسٹ کے تعاون سے فری آئی کیمپ لگایا گیا۔ جس میں تقریباً 80 مریضوں کا چیک اپ کیا گیا اور انہیں مفت دوائیاں فراہم کی گئیں۔ اس کیمپ میں ریجنل ڈائریکٹر فیصل آباد علی احمد گورائیہ، ضلعی منیجر جھنگ اور ٹوبہ ٹیک سنگھ نے بھی شرکت کی۔

**یہ کیا دستِ اجل کو کام سونپا ہے خدا نے**
**چمن سے پھول چُننا اور ویرانے میں رکھ دینا**

## حاجی غلام نبی عباسی دارِفانی سے کوچ کر گئے




دارالاسلام کمپلیکس، دُخترانِ اسلام اکیڈمی مری کے صدر غلام نبی عباسی حرکتِ قلب کے بند ہو جانے سے پچھلے دنوں دارِفانی سے کوچ کر گئے ہیں (انّا للہ و انّا الیہ راجعون)۔ آپ دردِ دل رکھنے والے دیرینہ تحریکی ساتھی تھے۔ بڑھاپے اور ضُعف کے باوجود آپ کے جذبے جواں، ہمتیں بلند اور ارادے مضبوط تھے۔ آپ کے خیال میں مسلمانوں کی تعلیم کے میدان میں عدم دلچسپی ہی پسماندگی کی ایک وجہ تھی اور اسی جہالت کو دور کرنے کے لیے آپ نے ایک عظیم الشان منصوبے دخترانِ اسلام اکیڈمی کا ملک میں تعلیمی انقلاب لانے کے لیے آغاز کیا۔ اس ادارے کو مؤثر، نتیجہ خیز اور دیرپا بنانے کے لیے آپ نے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے حوالے کر دیا۔ اللہ تعالیٰ آپ کی مغفرت فرمائے۔

خوب، خوب تر اور خوب ترین

## اردو اور انگریزی کے بعد اب عربی زبان میں بھی تازہ بروشر شائع ہو گیا

اگرچہ انگریزی اور اردو میں ٹرسٹ کا ایک بڑا تعارفی لٹریچر موجود ہے لیکن تعلیم کا ذوق رکھنے والے عرب ممالک میں رہائش پذیر احباب تک ٹرسٹ کے مؤثر تعارف اور بہترین پیغام رسانی کے لیے اس کمی کا شدت سے احساس کیا جا رہا تھا کہ ادارہ اپنا تعارف عربی زبان میں بھی شائع کرے چنانچہ اس کمی کو دور کرنے کے لیے ٹرسٹ کا عربی تعارف شائع کر دیا گیا ہے جو کہ ٹرسٹ کے پیغام کے ابلاغ کے لیے مفید ثابت ہوگا۔

## Student's Aid Project




Students' Scholarship

| | |
|---|---|
| Total Strength of Students in Ghazali Schools | 18,718 |
| Number of Orphan Students | 877 |
| Number of Deserving Students | 7,297 |

### نظامِ تعلیم

"لارڈ میکالے کا فتویٰ تھا کہ یہاں پر جو نظامِ تعلیم رائج کیا جائے وہ ایسے انسان پیدا کرے جو رنگت میں تو بے شک ہندوستانی ہوں لیکن چال ڈھال، فہم و فراست، ذوق و مذاق، اخلاق و اطوار اور ذہنی اعتبار سے انگریز ہوں۔" (قدرت اللہ شہاب)

## سالانہ تقریبات برائے نتائج و تقسیم انعامات

### ضلع میانوالی

جی ایس ایس پپلاں کی سالانہ تقریب کے مہمان خصوصی پرنسپل گورنمنٹ ڈگری کالج لیاقت آباد ملک حبیب اللہ اُترا صاحب تھے۔ اس سکول کا نتیجہ 100% رہا۔

جی ایس ایس احمد خان والا میں تقریب کے مہمان خصوصی افضل خان صاحب تھے جبکہ صدارت ڈی ایم ایس میانوالی رانا محمد ناظم نے کی۔ اس سکول کا نتیجہ 98% رہا۔

جی ایس ایس موچھ کی تقریب کے مہمان خصوصی پرنسپل ہائیر سیکنڈری سکول محمد عابد صاحب تھے۔ اس سکول کا نتیجہ بھی 98% رہا۔

جی ایس ایس نصیر والا کی تقریب میں والدین کی ایک بڑی تعداد شریک تھی۔ مہمان خصوصی ملک اختر حسین جوئیہ نے طلبہ میں انعامات تقسیم کیے اور اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ اس سکول کا نتیجہ بھی بہترین رہا۔

## اسلام آباد ریجن میں مختلف سکولوں کی تقاریبِ افتتاح

چیئرمین ٹرسٹ جناب لیاقت بلوچ نے غزالی سکول حضور پور، چیئرمین ٹرسٹ کے معاونِ خصوصی ظفر جمال بلوچ نے غزالی سکول رکھ بلوچ، صدر ٹرسٹ ڈاکٹر اشتیاق احمد گوندل نے غزالی سکول بارموی ضلع منڈی بہاوالدین، جوائنٹ سیکریٹری جنرل حافظ تنویر احمد نے غزالی سکول فقیر آباد ضلع اٹک جبکہ ڈائریکٹر اسلام آباد ریجن محمد عارف خاں نے غزالی سکول ہامہ ضلع گجرات، غزالی سکول سرائے سیراں ضلع جہلم اور غزالی سکول مہراں بھگوال ضلع اسلام آباد کا افتتاح کیا۔

## ڈاکٹر اشتیاق احمد گوندل کا ٹی وی کے پنجابی پروگرام ''سوچ وچار'' میں اظہارِ خیال



صدر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ، ڈاکٹر اشتیاق احمد گوندل نے PTV کے پنجابی پروگرام ''سوچ وچار'' میں تعلیم کے موضوع پر ہونے والے مذاکرے میں شرکت کی اور غزالی ٹرسٹ کو متعارف کروایا اور اس بات پر زور دیا کہ ٹرسٹ نے محدود وسائل کے ساتھ، کم وقت میں اساتذہ کی افرادی قوت اور مشنری اسپرٹ کو بروئے کار لاتے ہوئے دیہات میں رفاہی اداروں کا ایک کامیاب نیٹ ورک قائم کیا ہے۔ ایک سوال کے جواب میں انھوں نے کہا کہ بلاشبہ موجودہ حکومت نے تعلیم کے لیے خاطر خواہ بجٹ مختص کیا ہے لیکن پاکستان کے 56 سالوں میں بجٹ سے بھی بڑا مسئلہ محکمہِ تعلیم میں دیانتداری کا فُقدان رہا ہے۔ جب تک وسائل کو دیانت داری کے ساتھ خرچ نہیں کیا جائے گا اور حکومتی اہلکار اپنا فرض، احساسِ ذمہ داری کے ساتھ نہیں نبھائیں گے، پاکستان میں تعلیمی ترقی کا خواب پورا نہیں ہوسکتا۔

## میاں وقاص وحید اسلامک کلچرل سنٹر ناروے کے صدر منتخب ہوگئے



پاکستان رورل ایجوکیشن پروگرام (PREP) کے پہلے ڈائریکٹر میاں وقاص وحید کو، جو گزشتہ چند برسوں سے ناروے میں مقیم ہیں، اسلامک کلچرل سنٹر اوسلو، ناروے کے اراکین نے انھیں سینٹر کا صدر منتخب کیا ہے۔ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے صدر پروفیسر ڈاکٹر اشتیاق احمد گوندل اور سیکریٹری جنرل سید وقاص انجم جعفری نے میاں وقاص وحید کو مبارکباد پیش کی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ یہ امر قابلِ ذکر ہے کہ وقاص وحید صاحب نے ناروے میں مقیم پاکستانیوں میں ٹرسٹ کو متعارف کروانے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔

## حافظ طیب میاں اوسلو میں



PREP کے سابق ڈائریکٹر کو اسلامک کلچرل سنٹر، ناروے نے سینٹر کا ایڈمنسٹریٹر مقرر کیا ہے۔ چنانچہ حافظ طیب میاں چند ماہ سے اوسلو میں اپنی نئی ذمہ داریاں سنبھال چکے ہیں۔ یہ امر قابلِ ذکر ہے کہ پاکستان کلچر سینٹر، ناروے میں پاکستانیوں کا مقبول ترین اور فعّال ادارہ ہے۔ جو پاکستانی کمیونٹی میں اتحاد کے فروغ اور مسائل کے حل کے لئے ایک عشرے سے کوشاں ہے۔



نامور قانون دان ایس ایم ظفر ہیڈ آفس کے دورہ کے موقع پر ڈاکٹر اشتیاق گوندل، سید وقاص جعفری اور پروفیسر مشتاق مانگٹ کے ہمراہ

### نئے ٹرسٹی

| نام ٹرسٹی | ادارہ/ملک/مقام |
|---|---|
| نعیم رفیع | ملک رفیع اینڈ کمپنی KSE کراچی |
| نعیم اے۔ سرویا | مشی گن (امریکہ) |

### ایڈاپٹ اے سکول

| نام ڈونر | شہر | سکول |
|---|---|---|
| رضی الدین شیخ | لاہور | غزالی سکول سسٹم، ہیئر ضلع لاہور |
| ڈاکٹر محمد اسلم | ٹوبہ ٹیک سنگھ | غزالی سکول سسٹم 289 ج ب |

## تاثرات



Malik Meraj Khalid (Late)
(Ex. Prime Minister of Pakistan)

I think this is the unique organization which has setup noble example for others to follow. I wish very much that I could contribute as much as like because it is the duty of every Pakistani to support them, to cooperate with them and to make their programme a success.



**ڈاکٹر اجمل نیازی**
کالم نگار

''شہروں کی گمنامیوں کو نیک نامیوں' شادکامیوں میں بدل دینے کی آرزو لے کے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ (GET) والے نکلے ہیں۔ اس تعلیمی' فلاحی پروگرام کے نام سے جو لفظ بنتا ہے وہ get ہے۔ علم حاصل کرنے کی آرزو اور آزادی ہی اصل حاصل ہے' یہی حاصلِ زندگی ہے اور حاصلِ کلام یہ ہے کہ ان لوگوں اور بچوں سے ہم کلام ہوا جائے''۔

سید وقاص انجم جعفری نے احباب پرنٹرز سے چھپوا کر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ 66۔ ایف ماڈل ٹاؤن، لاہور سے شائع کیا۔
فون: 588 2939, 585 0966 فیکس: 7551078
http://www.ghazali.edu.pk
ای میل: getpak@hotmail.com